# کم خرچ یا بلا خرچ صحت بیمہ کیلئے آج ہی سائن اپ کریں



## ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر درخواست کے سند یافتہ کونسلر سے مفت مدد حاصل کریں

- اپنے اندراج میں مدد کے لیے نیو یارک سٹی کے محکمہ صحت کے کونسلر کو کال کریں — تفصیلات کے لیے اس بروشر کا پچھلا صفحہ دیکھیں۔
- مزید معلومات کے لیے **nyc.gov/health/healthcoverage** ملاحظہ کریں۔

NYC Health

نیو یارک سٹی محکمہ صحت کا سند یافتہ درخواست کونسلر آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی **نیویارک اسٹیٹ آف ہیلتھ: The Official Health Plan Marketplace (آفیشل ہیلتھ پلان مارکیٹ پلیس) کے ذریعے کم یا بلا خرچ صحت بیمہ کے لیے سائن اپ کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔**

ہمارے مشیران:

- ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر آپ کے صحت بیمہ اور نگہداشت صحت کے اختیارات کی وضاحت کریں گے
- آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی صحت بیمہ کے **اندراج** میں یا **تجدید** میں مدد کریں گے
- معلوم کریں گے کہ کیا آپ کم لاگت والے نجی صحت بیمہ منصوبہ کی ادائیگی کے لیے مالی مدد کے اہل قرار ہیں یا نہیں

ہم تکملاتی تغذیاتی اعانت پروگرام **(Nutrition Assistance Program, SNAP)** کے فوائد (فوڈ اسٹیمپس) کے لیے درخواست دینے میں بھی آپ کی اعانت کر سکتے ہیں۔

مدد آپ کی زبان میں دستیاب ہے اور آپ کی معلومات کو خفیہ رکھا جائے گا۔

| کم خرچ یا بلا خرچ صحت بیمہ پروگرام | آپ کب درخواست دے سکتے ہیں؟ | کون اہل ہے؟ |
|---|---|---|
| Medicaid | سال بھر | افراد، کنبے اور بچے جن کی کم آمدنی ہے اور محدود وسائل ہیں۔ |
| چائلڈ ہیلتھ پلس (Child Health Plus, CHP) | سال بھر | 19 سال سے کم عمر کے وہ بچے جو Medicaid کے لیے اہل قرار نہیں پاتے ہیں اور جن کے پاس دیگر صحت بیمہ کوریج نہیں ہے۔<br>بچے ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر کوریج حاصل کر سکتے ہیں۔ |
| ضروری منصوبہ (Essential Plan, EP) | سال بھر | کم آمدنی والے افراد جو Medicaid یا Child Health Plus کے اہل نہیں ہیں۔ |
| کوالیفائیڈ ہیلتھ پلان (Qualified Health Plan, QHP) | ہر نومبر سے شروع ہونے والے سالانہ کھلے اندراج کی مدت کے دوران یا اگر آپ کو جب بھی زندگی کے کسی اہل واقعہ کا سامنا ہو* | متوسط تا کم آمدنی والے جو افراد Medicaid کے لیے اہل نہیں ہیں وہ نجی صحت بیمہ خرید سکتے ہیں۔<br>آپ اپنی آمدنی کے اعتبار سے مالی مدد کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔ |

*کوالیفائنگ لائف ایونٹ میں نیو یارک اسٹیٹ منتقل ہونا؛ شادی؛ کسی بچے کی پیدائش یا تبنیت؛ آپ کی آمدنی میں تبدیلیاں؛ یا اپنا صحت بیمہ ختم ہو جانا شامل ہیں۔

# صحت بیمہ اور
# نگہداشت کے اختیارات

## ان لوگوں کے لیے جو 65 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں، معذوری کے ساتھ رہ رہے ہیں، یا بصارت سے محروم ہیں

آپ Medicare، Medicaid اور اس (سیونگز پروگرام Medicare) Medicare Savings Program کے لیے درخواست دینے میں مفت مدد حاصل کر سکتے ہیں، جو Medicare کے اخراجات کو پورا کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اپائنٹمنٹ کے لیے 347-396-4705 پر کال کریں۔*

*Medicaid یا Medicare Savings Program نیو یارک اسٹیٹ آف ہیلتھ مارکیٹ پلس کی خدمات سے الگ ہے۔


## تارکین وطن کے لیے

**آپ اور آپ کا خاندان نیویارک اسٹیٹ آف ہیلتھ: The Official Health Plan Marketplace (آفیشل ہیلتھ پلان مارکیٹ پلیس) کے ذریعے کم یا بلا لاگت صحت بیمہ کے لیے اہل ہو سکتا ہے۔ ترک وطن کی بہت سی حیثیتیں آپ کو کوریج کے لیے اہل بنا سکتی ہیں، درج ذیل کے بشمول لیکن بلا تحدید:**

- مستقل رہائشی (گرین کارڈ ہولڈر)
- مہاجر یا پناہ گزین
- U یا T ویزا رکھنے والا (جرم یا اسمگلنگ کے شکار افراد کے لیے)
- روزگار کی اجازت کا اختیار کارڈ ہولڈر
- بچپن میں آمد کے لیے موخر عمل (Deferred Action for Childhood Arrivals, DACA) وصول کنندہ
- عارضی تحفظ یافتہ حیثیت (Temporary Protected Status, TPS) وصول کنندہ
- مندرجہ بالا ترک وطن سے متعلق مراعات میں سے کسی کے لیے درخواست دہندہ

اگر آپ کو یقین نہیں ہے اپنی حیثیت کے بارے میں یا آیا آپ صحت بیمہ کے لیے اہل ہیں کہ نہیں تو ہم مدد کے لیے حاضر ہیں! مفت مدد کے لیے کسی مشیر سے رابطہ کریں — تفصیلات کے لیے اس بروشر کا پچھلا صفحہ دیکھیں۔

**اگر آپ کو اس بارے میں خدشات ہیں کہ صحت بیمہ کے اندراج سے آپ کی ترک وطن کی حیثیت کیسے متاثر ہوتی ہے، تو امیگریشن لیگل سپورٹ ہاٹ لائن کو 800-354-0365 پر مفت اور رازدارانہ قانونی مدد کے لئے کال کریں۔**



## ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر:

- چائلڈ ہیلتھ پلس (Child Health Plus, CHP) کے ذریعہ 19 سال سے کم عمر بچے صحت بیمہ حاصل کر سکتے ہیں۔
- کم آمدنی والے حاملہ افراد اپنے حمل کے دوران اور حمل کے اختتام کے بعد ایک سال تک مکمل کوریج کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔
- نجی یا آجر کے ذریعہ تعاون یافتہ بیمہ دستیاب ہو سکتا ہے۔
- 65 سال اور اس سے زائد عمر کے کم آمدنی والے افراد Medicaid کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔

کم آمدنی والے ایسے تارکین وطن جو مندرجہ بالا پروگراموں کے لیے اہل نہ ہوں، وہ ہنگامی Medicaid کے لیے اہل ہو سکتے ہیں، جو ایمرجنسی میں طبی اخراجات کی ادائیگی کرتا ہے۔

**NYC Health + Hospitals، NYC Care، کمیونٹی ہیلتھ سینٹرز، اور NYC محکمہ صحت کی کلینکوں کے ذریعہ ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر، NYC کے تمام باشندوں کے لیے کم یا بلا قیمت نگہداشت صحت دستیاب ہے۔**



# صحت بیمہ کے لیے سائن اپ کرنے کے لیے تیار ہو جائیں



جب آپ تیار ہوں تو سائن اپ تیزی اور آسانی سے کر سکتے ہیں۔ آپ کے گھرانہ میں جو بھی سائن اپ کر رہا ہے ان سبھی کے لیے ہر ممکنہ حد تک زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کریں۔ اگرچہ اب آپ کے پاس تمام معلومات نہ ہوں، پھر بھی آپ اس عمل کو شروع کر سکتے ہیں۔

## گھرانے کی معلومات

- سوشل سیکیورٹی نمبرز
- تاریخ پیدائش
- موجودہ ملازمت اور آمدنی سے متعلق معلومات، جیسے تنخواہ کی پرچیاں، ٹیکس کے گوشوارے یا W-2 فارمز
- بیمہ کارڈ، اگر آپ کے گھرانہ کے افراد کے پاس صحت بیمہ ہے

## ترک وطن کی دستاویزات

وہ اشیاء جو ریاستہائے متحدہ میں آپ کی ترک وطن کی حیثیت کو ظاہر کرتی ہیں۔ ان میں یہ شامل ہو سکتی ہیں:

- مستقل رہائشی کارڈ (گرین کارڈ/I-551)
- ملازمت کی اجازت کا کارڈ (I-766)
- وطن گیر کا سرٹیفکیٹ
- آمد/روانگی کا ریکارڈ (I-94 یا I-94A)
- ریلیز فارم کی ORR توثیق (ORR UAC/R-1)
- پاسپورٹ
- I-94 اسٹیمپ والا امریکہ کا ویزا
- I-797 USCIS کارروائی کا نوٹس (ترک وطن سے متعلق مراعت کے لیے درخواست کی وصولی کا اعتراف)

**امیگریشن دستاویزات جو آپ ہمارے مشیروں کے ساتھ شیئر کرتے ہیں صرف یہ تصدیق کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں کہ آپ کن پروگراموں کے لیے اہل ہیں۔ یہ کسی اور مقصد کے لیے استعمال نہیں ہو سکتیں اور نہ ہی ہوں گی۔**



## مفید تجاویز

- اپنے کنبہ کی صحت کی سرگزشت (ادویات، ڈاکٹروں) کو جانیں۔
- اگر آپ کے پاس مستقل نگہداشت صحت فراہم کنندہ ہے تو وہ جو بیمہ منصوبے قبول کرتے ہیں انہیں لکھ لیں۔ اگر آپ کو یقینی طور پر علم نہ ہو تو ان کے دفتر کو کال کریں۔
- صحت بیمہ کی شرائط جیسے "قابل کٹوتی رقم"، "ضمنی ادائیگی" یا "کوریج کی مدت" کے بارے میں جانیں جو آپ کے کوریج کو متاثر کر سکتے ہیں۔ صحت بیمہ کے کام کرنے کا طریقہ جاننے کے لیے، nyc.gov/hilink ملاحظہ کریں۔
- نیویارک اسٹیٹ آف ہیلتھ: The Official Health Plan Marketplace (آفیشل ہیلتھ پلان مارکیٹ پلیس) کے بارے میں مزید معلومات کے لیے nystateofhealth.ny.gov ملاحظہ کریں۔

# نیو یارک سٹی محکمہ صحت کے مرکز کے مقامات

**صلاح کاران ان مقامات پر پیر تا جمعہ، 8:30 بجے صبح سے 3:30 بجے سہ پہر تک دستیاب ہیں۔ معلومات کے لیے، یا بذریعہ فون صحت بیمہ میں اندراج کرانے کے لیے اپائنٹمنٹ طے کرنے کے واسطے، 347-665-0214 پر کی جانے والی کالز ان میں سے ایک مقام پر بھیجی جائیں گی۔**

## Bronx

**Morrisania Health Center**
1309 Fulton Ave., تیسری منزل
Bronx, NY 10456

**Tremont Neighborhood Health Action Center**
1826 Arthur Ave., پہلی منزل
Bronx, NY 10457

## Manhattan

**Chelsea Health Center**
303 Ninth Ave., پہلی منزل
New York, NY 10001

**Riverside Health Center**
160 W. 100th St., پہلی منزل
New York, NY 10025

**Washington Heights Health Center**
600 W. 168th St., دوسری منزل
New York, NY 10032

## Brooklyn

**Bedford Health Center**
485 Throop Ave., دوسری منزل
Brooklyn, NY 11221

**Bushwick Health Center**
335 Central Ave., پہلی منزل
Brooklyn, NY 11221

**Fort Greene Health Center**
295 Flatbush Ave. Ext., پانچویں منزل
Brooklyn, NY 11201

## Queens

**Astoria Health Center**
12-26 31st Ave., دوسری منزل
Astoria, NY 11106

**Corona Health Center**
34-33 Junction Blvd., پہلی منزل
Jackson Heights, NY 11372

**Jamaica Health Center**
90-37 Parsons Blvd., چوتھی منزل
Jamaica, NY 11432

## Staten Island

135 Canal St., دوسری منزل
Staten Island, NY 10304

**مزید معلومات کے لیے**
**nyc.gov/health/healthcoverage**
**ملاحظہ کریں یا QR کوڈ اسکین کریں۔**

**اندراج کی سائٹ سے رابطہ کی معلومات**

مقام: ______________________

کونسلر کا نام: ______________________

ٹیلی فون نمبر: ______________________

اپائنٹمنٹ: ______________________